۲ہ تَنْصُرُ سے علامت مضارع کو حذف کیا۔ عین کلمہ مضموم تھا ہمزہ وصل مضموم لایا آخر میں حرف علت نہیں تھا اس لیے آخری حرف کو ساکن کیا اُنْصُرْ ہوگیا۔

۳ہ تَدْعُو سے علامت مضارع کو حذف کیا عین کلمہ مضموم تھا ہمزہ وصل مضموم لایا آخر میں حرف علت تھا اس کو گرا دیا اُدْعُ ہوگیا۔

۴ہ لام امر مکسور ہوتا ہے کیونکہ اس کو لام جارہ سے مشابہت ہے جس طرح وہ اسم ظاہر پہ داخل ہو تو مکسور ہوتا ہے اور اس کا عمل جر سے خاص ہے اس طرح لام امر فعل پر داخل ہوتا ہے اس کے ساتھ جزم خاص ہے نیز لام تاکید سے التباس بھی لازم نہیں آئے گا کیونکہ وہ مفتوح ہوتا ہے البتہ لام جارہ ضمائر پہ داخل ہو تو مفتوح ہوتا ہے کیونکہ وہ مبنی ہوتی ہیں خفت کا تقاضا کرتی ہیں فتح خفیف ہے۔ ضمائر پہ داخل ہونے کی صورت میں لام تاکید اور لام جارہ میں اس طرح فرق کیا جائے گا، کہ لام جارہ کے ساتھ ضمیر متصل ہوگی جیسے لَہٗ اور لام تاکید کے ساتھ منفصل جیسے لَهُوَ واؤ اور فاء وغیرہ کے ملنے سے لام امر ساکن ہو جائے گا جیسے وَلْيَضْرِبْ۔

بحث امر غائب معروف

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لِيَفْعَلْ وہ ایک مذکر کرے	لِيَفْعَلَا وہ دو مذکر کریں	لِيَفْعَلُوْا وہ سب مذکر کریں
مؤنث غائب	لِتَفْعَلْ وہ ایک مؤنث کرے	لِتَفْعَلَا وہ دو مؤنث کریں	لِيَفْعَلْنَ وہ سب مؤنث کریں
متکلم	لِاَفْعَلْ میں کروں (مذکر، مؤنث)	لِنَفْعَلْ ہم کریں، دو مذکر، سب مذکر، دو مؤنث، سب مؤنث	

بحث امر غائب مجہول

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لِيُفْعَلْ وہ ایک مذکر کیا جائے	لِيُفْعَلَا وہ دو مذکر کیے جائیں	لِيُفْعَلُوْا وہ سب مذکر کیے جائیں
مؤنث غائب	لِتُفْعَلْ وہ ایک مؤنث کی جائے	لِتُفْعَلَا وہ دو مؤنث کی جائیں	لِيُفْعَلْنَ وہ سب مؤنث کی جائیں
متکلم	لِاُفْعَلْ میں کیا / کی جاؤں (مذکر، مؤنث)	لِنُفْعَلْ ہم کیے جائیں۔ (دو مذکر، دو مؤنث، سب مذکر، سب مؤنث)	

بحث امر حاضر معروف بانون ثقیلہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	اِفْعَلَنَّ عله	اِفْعَلَانِّ	اِفْعَلُنَّ
مؤنث حاضر	اِفْعَلِنَّ	اِفْعَلَانِّ	اِفْعَلْنَانِّ
متکلم	×	×	

بحث امر حاضر مجہول بانون ثقیلہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	لِتُفْعَلَنَّ	لِتُفْعَلَانِّ	لِتُفْعَلُنَّ
مؤنث حاضر	لِتُفْعَلِنَّ	لِتُفْعَلَانِّ	لِتُفْعَلْنَانِّ

عله. حواشی متعلق بر معنے کلمات مؤکدہ بالنون تاکید بر صفحہ ۲۴ جگر ۱۲ ۔

بحث امر حاضر معروف بانون خفیفہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	اِفْعَلَنْ		اِفْعَلُنْ
مؤنث حاضر	اِفْعَلِنْ		

بحث امر حاضر مجہول بانون خفیفہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	لِتُفْعَلَنْ		لِتُفْعَلُنْ
مؤنث حاضر	لِتُفْعَلِنْ		

بحث امر غائب معروف بانون ثقیلہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لِيَفْعَلَنَّ	لِيَفْعَلَانِّ	لِيَفْعَلُنَّ
مؤنث غائب	لِتَفْعَلَنَّ	لِتَفْعَلَانِّ	لِيَفْعَلْنَانِّ
متکلم	لِاَفْعَلَنَّ	لِنَفْعَلَنَّ	

بحث امر غائب مجہول بانون ثقیلہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لِيُفْعَلَنَّ	لِيُفْعَلَانِّ	لِيُفْعَلُنَّ
مؤنث غائب	لِتُفْعَلَنَّ	لِتُفْعَلَانِّ	لِيُفْعَلْنَانِّ
متکلم	لِاُفْعَلَنَّ	لِنُفْعَلَنَّ	

بحث امر غائب معروف بالنون خفیفہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لِيَفْعَلَنْ		لِيَفْعَلُنْ
مؤنث غائب	لِتَفْعَلَنْ		
متکلم	لِأَفْعَلَنْ	لِنَفْعَلَنْ	

بحث امر غائب مجہول بالنون خفیفہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لِيُفْعَلَنْ		لِيُفْعَلُنْ
مؤنث غائب	لِتُفْعَلَنْ		
متکلم	لِأُفْعَلَنْ	لِنُفْعَلَنْ	

فصل۔ این ہمہ کہ گفتہ شد بحث امر بود چون خواہی کہ نہی بنا کنی پس لائے نہی دراول فعل مستقبل درآرد لای نہی در آخر او در پنج محل جزم کند مثل لَمْ اگر در آخر او حرف علت نباشد واگر باشد ساقط گرداند. چون لَاتَدْعُ وَلَاتَرْمِ وَلَاتَخْشَ واز ہفت محل نون اعرابی را ہم دور نماید ودر دو محل در لفظ ہیچ عمل نکند ونون تاکید چنانچہ در مضارع می آید ہمبر آں طریق در نہی نیز می آید

ے لِيَفْعَلَنْ، ضرور بہ ضرور کرے وہ ایک مذکر الخ. لِتَفْعَلَنْ، ضرور بہ ضرور کیا جائے تو ایک مذکر الخ اِفْعَلَنْ ضرور بہ ضرور کر تو ایک مذکر الخ لِتُفْعَلَنْ ضرور بہ ضرور کیا جا تو ایک مذکر الخ لِيَفْعَلَنْ، ضرور بہ ضرور کرے وہ ایک مذکر الخ لِيُفْعَلَنْ ضرور بہ ضرور کیا جائے وہ ایک مذکر الخ لِيَفْعَلَنْ، ضرور بہ ضرور کرے وہ ایک مذکر الخ لِيُفْعَلَنْ ضرور بہ ضرور کیا جائے وہ ایک مذکر الخ تنبیہ۔ یہ ترجمہ ان حضرات کے نزدیک ہے جو ثقیلہ اور خفیفہ کی تاکید میں فرق نہیں کرتے اور جو حضرات فرق کرتے ہیں ثقیلہ میں زیادہ تاکید مانتے ہیں ان کے نزدیک ثقیلہ کا ترجمہ کرتے وقت ضرور بہ ضرور اور خفیفہ کا ترجمہ کرتے وقت ضرور اسی طرح نہی میں ثقیلہ کا ترجمہ کرتے وقت ہرگز ہرگز اور خفیفہ میں ہرگز آئے گا. سلہ نہی وہ فعل ہے جس میں کسی شے سے روکا جائے جیسے نہ کر، نہ کہہ وغیرہ صرفیوں اور اصولیوں کا امر کی طرح استعلاء کی قید میں اسمیں بھی اختلاف ہے. امر کو بوجہ وجودی ہونے کے نہی سے مقدم کیا کیونکہ اس میں علاوہ ازیں امر پہلے ہوتا ہے نہی سے جیسے ایمان لانا پہلے اور محرمات سے بچنا بعد کیونکہ ایمان سے پہلے اوامر ونواہی پر عمل کرنا مفید نہیں سلہ لای نہی کو ان شرطیہ سے مشابہت ہے کیونکہ دونوں استقبال کے زمانہ سے فعل کو خاص کرتے ہیں جبکہ ان شرطیہ جزم دیتا تھا تو لای نہی نے بھی جزم دی، دوسری وجہ لام امر سے بھی مشابہت ہے کیونکہ دونوں میں طلب ہے لام امر طلب فعل اور لای نہی طلب ترک فعل پر دلالت کرتا ہے. چونکہ لام امر جازم تھا اس لیے لای نہی کو بھی جازم بنایا سلہ لای نہی نون اعرابی کو گرا دیتا ہے کیونکہ نون اعرابی بدل ہوتا ہے اعراب سے جب اعراب کو گرانے کا نام جزم ہے تو یقیناً عوض اعراب کو گرا دیا جائے گا. سلہ جیسے جس طرح واؤ جمع اور واحد مؤنث میں یا گر جاتی ہیں اسی طرح یہاں بھی گر جائیں گی اور ...

بحث نہی حاضر معروف

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	لَاتَفْعَلْ نہ کر تو ایک مذکر	لَاتَفْعَلَا نہ کرو تم دو مذکر	لَاتَفْعَلُوْا نہ کرو تم سب مذکر
مؤنث حاضر	لَاتَفْعَلِیْ نہ کر تو ایک مؤنث	لَاتَفْعَلَا نہ کرو تم دو مؤنث	لَاتَفْعَلْنَ نہ کرو تم سب مؤنث

بحث نہی حاضر مجہول

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	لَاتُفْعَلْ نہ کیا جا تو ایک مذکر	لَاتُفْعَلَا نہ کئے جاؤ تم دو مذکر	لَاتُفْعَلُوْا نہ کئے جاؤ تم سب مذکر
مؤنث حاضر	لَاتُفْعَلِیْ نہ کی جا تو ایک مؤنث	لَاتُفْعَلَا نہ کی جاؤ تم دو مؤنث	لَاتُفْعَلْنَ نہ کی جاؤ تم سب مؤنث

بحث نہی غائب معروف

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لَایَفْعَلْ نہ کرے وہ ایک مذکر	لَایَفْعَلَا نہ کریں وہ دو مذکر	لَایَفْعَلُوْا نہ کریں وہ سب مذکر
مؤنث غائب	لَاتَفْعَلْ نہ کرے وہ ایک مؤنث	لَاتَفْعَلَا نہ کریں وہ دو مؤنث	لَایَفْعَلْنَ نہ کریں وہ سب مؤنث
متکلم	لَاأَفْعَلْ میں نہ کروں	لَانَفْعَلْ ہم نہ کریں	

بحث نہی غائب مجہول

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لَایُفْعَلْ وہ ایک مذکر نہ کیا جائے	لَایُفْعَلَا وہ دو مذکر نہ کیے جائیں	لَایُفْعَلُوْا وہ سب مذکر نہ کئے جائیں
مؤنث غائب	لَاتُفْعَلْ وہ ایک مؤنث نہ کی جائے	لَاتُفْعَلَا وہ دو مؤنث نہ کی جائیں	لَایُفْعَلْنَ وہ سب مؤنث نہ کی جائیں
متکلم	لَاأُفْعَلْ میں نہ کیا / کی جاؤں	لَانُفْعَلْ ہم نہ کئے / کی جائیں	

بحث نہی حاضر معروف بانون ثقیلہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	لَا تَفْعَلَنَّ	لَا تَفْعَلَانِّ	لَا تَفْعَلُنَّ
مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلِنَّ	لَا تَفْعَلَانِّ	لَا تَفْعَلْنَانِّ

بحث نہی حاضر مجہول بانون ثقیلہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	لَا تُفْعَلَنَّ	لَا تُفْعَلَانِّ	لَا تُفْعَلُنَّ
مؤنث حاضر	لَا تُفْعَلِنَّ	لَا تُفْعَلَانِّ	لَا تُفْعَلْنَانِّ

بحث نہی حاضر معروف بانون خفیفہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	لَا تَفْعَلَنْ		لَا تَفْعَلُنْ
مؤنث حاضر	لَا تَفْعَلِنْ		

بحث نہی حاضر مجہول بانون خفیفہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر حاضر	لَا تُفْعَلَنْ		لَا تُفْعَلُنْ
مؤنث حاضر	لَا تُفْعَلِنْ		

سے لَا تَفْعَلَنَّ، ہرگز ہرگز نہ کر تو ایک مذکر الخ
لَا تُفْعَلَنَّ، ہرگز نہ کیا جا تو ایک مذکر۔
لَا تَفْعَلَنْ، ہرگز نہ کر تو ایک مذکر
لَا تُفْعَلَنْ، ہرگز نہ کیا جا تو ایک مذکر

بحث نہی غائب معروف بانون ثقیلہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لَا يَفْعَلَنَّ [عہ]	لَا يَفْعَلَانِّ	لَا يَفْعَلُنَّ
مؤنث غائب	لَا تَفْعَلَنَّ	لَا تَفْعَلَانِّ	لَا يَفْعَلْنَانِّ
متکلم	لَا أَفْعَلَنَّ	لَا نَفْعَلَنَّ	

بحث نہی غائب مجہول بانون ثقیلہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لَا يُفْعَلَنَّ	لَا يُفْعَلَانِّ	لَا يُفْعَلُنَّ
مؤنث غائب	لَا تُفْعَلَنَّ	لَا تُفْعَلَانِّ	لَا يُفْعَلْنَانِّ
متکلم	لَا أُفْعَلَنَّ	لَا نُفْعَلَنَّ	

بحث نہی غائب معروف بانون خفیفہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لَا يَفْعَلَنْ		لَا يَفْعَلُنْ
مؤنث غائب	لَا تَفْعَلَنْ		
متکلم	لَا أَفْعَلَنْ	لَا نَفْعَلَنْ	

بحث نہی غائب مجہول بانون خفیفہ

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر غائب	لَا يُفْعَلَنْ		لَا يُفْعَلُنْ
مؤنث غائب	لَا تُفْعَلَنْ		
متکلم	لَا أُفْعَلَنْ	لَا نُفْعَلَنْ	

عہ لَا يَفْعَلَنَّ، ہرگز نہ کرے وہ ایک مذکر، لَا يُفْعَلَنَّ، ہرگز نہ کیا جائے وہ ایک مذکر، لَا يَفْعَلَنْ، ہرگز نہ کرے وہ ایک مذکر، لَا يُفْعَلَنْ، ہرگز نہ کیا جائے وہ ایک مذکر

فصل، ایں ہمہ گفتہ شد بحث نہی[1] بود چوں خواہی کہ اسم فاعل[2] بناکنی اسم فاعل گرفتہ مے شود از فعل[3] مضارع معروف پس علامت[4] مضارع را حذف کن بعد ازاں فا کلمہ را فتحہ[5] دہ و میان فا و عین الف[6] فاعل درآر و عین کلمہ را کسرہ دہ و لام کلمہ را تنوین زیادہ کن تا اسم فاعل گردد۔

چونکہ مصدر کہ معروف منسوب بفاعل میشود لہذا از مضارع معروف بنا کردند

تنوین دادند چراکہ ایں علامت اسم است و فاعل نیز اسم است

بحث اسم فاعل

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	فَاعِلٌ کرنے والا ایک مذکر	فَاعِلَانِ کرنے والے دو مذکر	فَاعِلُونَ کرنے والے سب مذکر
مؤنث	فَاعِلَةٌ کرنے والی ایک مؤنث	فَاعِلَتَانِ کرنے والی دو مؤنث	فَاعِلَاتٌ کرنے والی سب مؤنث

فصل، ایں ہمہ گفتہ شد بحث اسم فاعل بود چوں خواہی کہ اسم مفعول[7] بناکنی، اسم مفعول ساختہ میشود از فعل مضارع مجہول پس علامت مضارع را حذف کن بعد ازاں میم[8] مفتوح مفعول در اول او درآرد عین کلمہ را ضمہ[9] دہ و میان عین و لام واؤ[10] مفعول درآر و لام[11] کلمہ را تنوین دہ تا اسم مفعول گردد۔

[1] نہی کی بحث پہلے اس لیے ذکر کیا تاکہ تمام فعلوں کی بحث ایک جگہ ہو جائے [2] اسم فاعل وہ اسم ہے جو مشتق ہو مضارع سے تاکہ اس ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فعل قائم ہو، حدوث پایا جائے اور بنسبت غیر کے زیادتی نہ پائی جائے حدوث سے صفت مشبہ کو نکالا کہ اسمیں دوام ہوتا ہے، زیادتی کی نفی کرکے تفضیل کو نکالا۔ اسمیں بنسبت غیر کے زیادتی ہوتی ہے تنبیہ۔ اللہ تعالیٰ کی صفات خالق و رازق ہیں اگرچہ دوام ہوتا ہے لیکن باعتبار صیغہ کے نہیں بلکہ باعتبار موصوف کے کہ موصوف میں دوام ہے اس لیے صفات میں بھی دوام ہے۔ فائدہ اسم فاعل کے لیے مشتق ہونا اور خاص وزن ہونا ضروری ہے لیکن فاعل کے لیے ضروری نہیں کبھی مشتق ہوتا کبھی غیر مشتق ہوتا ہے جیسے جَاءَ زَیْدٌ میں زید فاعل ہے جَاءَ ضَارِبٌ زید اور جاء مَضْرُوبٌ زَیْدٌ میں ضارب اور مضروب فاعل ہیں [3] اسم فاعل کو فعل مضارع سے بناتے ہیں کیونکہ اسم فاعل کو مضارع سے حرکات وسکنات اور تعداد حروف میں مشابہت ہے نیز دونوں نکرہ کی صفت واقع ہونے میں مشابہ ہیں۔ [4] علامت مضارع کو حذف کردیتے ہیں کیونکہ جب فاعل بنائیں گے تو مضارع نہیں رہے گا لہذا اس کی علامت بھی حذف کی جائے گی۔ [5] فتح خفیف حرکت ہے ابتدا بالساکن محال ہونے کی وجہ سے اس حرکت کو منتخب کیا۔ [6] الف کو لاتے ہیں تاکہ ماضی سے التباس لازم نہ آئے اول میں نہیں لاتے کیونکہ الف ساکن ہوتا ہے اگر حرکت دیں تو مضارع کے متکلم کے صیغہ سے التباس لازم آتا، آخر میں نہیں لاتے تاکہ ماضی کے تثنیہ کے صیغہ سے التباس لازم نہ آئے [7] اسم مفعول کو فعل مضارع مجہول سے بناتے ہیں کیونکہ مجہول کی نسبت مفعول کی طرف ہوتی ہے اس لیے مفعول کو مجہول کے ساتھ بنسبت معروف کے زیادہ مناسبت ہے۔ [8] میم چونکہ حروف زوائد جیسے هَوِيتُ السِّمَانَ سے ہے اور حروف علت میں سے واؤ کے بھی قریب ہے اس لیے میم کو زیادہ کرتے ہیں اور میم کو فتح دیتے ہیں کیونکہ یہ خفیف حرکت ہے [9] عین کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں اس لئے کہ فتح اور کسرہ دینے سے ظرف سے التباس لازم آتا کیونکہ مَفْعَلٌ اور مَفْعِلٌ دونوں وزن ظرف کے ہیں۔ [10] واؤ مفعول سے مراد اصل میں یہ ہے کہ جب ضمہ دیا جائے گا تو مَفْعُلٌ ہو جائے گا لیکن بغیر تا کے مَفْعُل کا وزن استعمال نہیں تھا اس لیے ضمہ میں اشباع کیا یعنی ضمہ کو کھینچ کر لمبا کیا وہ ضمہ واؤ بن جاتی ہے اس طرح واؤ کو ظاہر کیا گیا، یہ مطلب نہیں کہ واؤ کو علیحدہ مستقل طور پر لایا گیا۔

[11] لام کلمہ کو تنوین دیتے ہیں کیونکہ اسم مفعول بھی اسم ہے جس طرح اس کے نام سے ہی ظاہر ہے چونکہ تنوین بھی اسم کے خواص سے ہے اس لئے اسم پر خاصہ اسم کو لایا گیا۔

بحث اسم مفعول

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَفْعُولٌ کیا ہوا ایک مذکر	مَفْعُولَانِ کئے ہوئے دو مذکر	مَفْعُولُونَ کئے ہوئے سب مذکر
مؤنث	مَفْعُولَةٌ کی ہوئی ایک مؤنث	مَفْعُولَتَانِ کی ہوئی دو مؤنث	مَفْعُولَاتٌ کی ہوئی سب مؤنث

تتمہ در بیان اسم ظرف و اسم آلہ و اسم تفضیل

فصل: چوں خواہی کہ اسم ظرف[1] زمان و مکان بناکنی علامت مضارع را حذف کن و میم مفتوح در اول او درآر و عین[2] کلمہ را فتحہ دہ اگر مضموم باشد و اگر مفتوح باشد بحال خود بماند مگر در مثال و ہمچنیں اگر مکسور باشد مگر در ناقص و مضاعف و لام کلمہ را تنوین ملحق کن تا اسم زمان و مکان گردد۔

بحث اسم ظرف

واحد	تثنیہ	جمع
مَفْعَلٌ کرنے کا ایک وقت یا ایک جگہ	مَفْعَلَانِ کرنے کے دو وقت یا دو جگہیں	مَفَاعِلُ کرنے کے سب وقت یا سب جگہیں

فصل، ایں ہمہ گفتہ شد بحث اسم ظرف بود چوں خواہی کہ اسم آلہ[3] بناکنی علامت مضارع را حذف کن و میم[4]

[1] اسم ظرف وہ اسم ہے جو فعل مضارع سے بنایا جائے تاکہ مصدری معنے کے وقوع کے زمانہ یا مکان پر دلالت کرے (مصدری معنے سے مراد حدث ہے) تعریف سے یہ واضح ہوا کہ ظرف کی دو قسمیں ہیں زمان اور مکان جب لفظ مَتٰی سے (یعنی زمان کے متعلق سوال کریں تو جواب میں واقع ہونے والی ظرف کو زمان کہیں گے اور جب لفظ اَیْنَ سے سوال کیا جائے تو جواب میں ظرف مکان واقع ہوگی۔ زمان کی مثال مَتٰی فِعْلُہٗ جواب مَفْعَلُہٗ یَوْمُ الجمعۃ مکان کی مثال اَیْنَ فِعْلُہٗ جواب مَفْعَلُہٗ دَارُہٗ

[2] ظرف بنانے کا ضابطہ یہ ہے کہ مضارع کا عین کلمہ مفتوح یا مضموم ہو تو ظرف کا عین کلمہ مفتوح ہوگا جیسے مَفْتَحٌ، مَنْصَرٌ لیکن مثال یعنی معتل الفا میں مطلقا ظرف مکسور العین ہوگی اور اگر مضارع کے عین کلمہ پر کسرہ ہو تو ظرف کے عین کلمہ پر بھی کسرہ ہوگا جیسے مَضْرِبٌ لیکن ناقص اور مضاعف میں مطلقا ظرف مفتوح العین ہوگی۔

[3] اسم آلہ وہ اسم ہے کہ فعل مضارع سے بنایا جائے تاکہ فعل کے واسطہ ہونے پر دلالت کرے یعنی اس کے ذریعے فاعل سے فعل صادر ہو۔ علامہ تفتازانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ افعال معتدبہ جو ظاہر اعضاء سے صادر ہوتے ہیں صرف ان سے آلہ مشتق ہوتا ہے تاکہ افعال معتدبہ کا اثر فاعل سے مفعول تک بواسطہ آلہ پہنچے۔

[4] میم مکسور لاتے ہیں کیونکہ میم مفتوح لانے سے ظرف سے اور مضموم لانے سے باب افعال کے اسم مفعول سے التباس لازم آتا۔

تنبیہ

اسم آلہ کے بعض صیغوں کے آخر میں اگرچہ لفظ تا کو لایا جاتا ہے لیکن وہ صیغہ مؤنث کا نہیں ہوتا کیونکہ فاعلیت و مفعولیت کے لحاظ سے تذکیر و تانیث کا اعتبار کیا جاتا ہے اس لئے مِفْعَلٌ، مِفْعَلَةٌ اور مِفْعَالٌ تینوں کا ایک معنے ہوگا "کرنے کا ایک آلہ" مذکر اور مؤنث کا کسی ایک میں بھی لحاظ نہیں۔

مکسور دراول او و درآر د عین کلمہ را فتحہ دہ اگر مفتوح نباشد ولام کلمہ را تنوین ملحق ساز تا اسم آلہ گردد واگر بعد عین کلمہ الف آری و یا پس لام تا زیادہ کنی دو صیغہ دیگر اسم آلہ کہ اکثر موافق قیاس است پدید می آید

بحث اسم آلہ

جمع	تثنیہ	واحد
مَفَاعِلُ کرنے کے سب آلے	مِفْعَلَانِ کرنے کے دو آلے	مِفْعَلٌ کرنے کا ایک آلہ
	مِفْعَلَتَانِ ″	مِفْعَلَةٌ ″
مَفَاعِيلُ ″ ″	مِفْعَالَانِ ″	مِفْعَالٌ ″

فصل: ایں ہمہ کہ گفتہ شد بحث اسم آلہ بود چوں خواہی کہ اسم تفضیل[۱] بنا کنی علامت مضارع را حذف کن و ہمزۂ[۲] اسم تفضیل در اول او و درآر و عین کلمہ را فتحہ دہ اگر مفتوح نباشد لام کلمہ را بحالت خود بگذار ایں طریق بنائے

[۱] اسم تفضیل وہ اسم ہے جو فعل مضارع سے بنایا جاتا ہے ایسی چیز کے لیے کہ فعل اس کے ساتھ قائم ہو بطور حدوث، اور اس میں زیادتی پائی جائے بنسبت غیر کے جیسے زَيْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو۔ یہ زیادتی فاعل میں ہوتی ہے مفعول میں نہیں اگرچہ اَشْهَرُ، اَشْغَلُ، اَعْذَرُ میں زیادتی مفعول میں ہے لیکن یہ شاذ ہیں یعنے اگرچہ قانون کے خلاف ہیں لیکن استعمال کے موافق ہیں۔

[۲] ہمزہ کو اس لیے زیادہ کرتے ہیں کہ اس کو حروف علت میں سے الف کو مناسبت ہے خود حروف علت میں سے یا کو زائد کرنے سے مضارع کے غائب کے صیغہ سے التباس لازم آتا اور واؤ کے زائد کرنے سے مخاطب سے التباس لازم آتا کیونکہ تا اصل میں واؤ ہوتی ہے۔ مثلاً وَوُدْخَلُ میں کئی واؤ جمع ہو گئی تھیں واؤ عاطفہ، واؤ علامت مضارع اور واؤ فا کلمہ اس لئے واؤ کو تا سے بدل دیا اور الف کو زائد کرنا ممکن نہیں کیونکہ پہلا لفظ ساکن ہو تو پڑھنا مشکل ہے۔

تنبیہ

اسم تفضیل ثلاثی مجرد کے غیر یعنے ثلاثی مزید، رباعی مجرد، رباعی مزید سے نہیں آتا اور ثلاثی مجرد سے بھی نہیں آئے گا جب کہ اس میں لون (رنگ) اور عیب والا معنے پایا جائے جیسے اَحْمَرُ، اَعْمیٰ، یہ اسم تفضیل نہیں اسی طرح اسم تفضیل افعال ناقصہ سے نہیں آئے گا اور ان فعلوں سے جن میں زیادتی والا معنے نہ پایا جا سکے جیسے مَاتَ يَمُوْتُ کیونکہ کسی سے زیادہ مرنے والا نہیں کہا جا سکتا نیز افعال غیر متصرفہ سے بھی وقوع نہیں جیسے نِعْمَ اور بِئْسَ سے اور جن فعلوں میں نفی والا معنے پایا جائے ان سے نہ آنے کی وجہ یہ ہے کہ انقلاب لازم آئے گا فعل میں نفی ہوگی اور تفضیل میں اثبات یہ درست نہیں۔

فائدہ

الف مقصورہ جب تیسری جگہ سے بعد میں آئے یعنے چوتھی، پانچویں اور چھٹی جگہ تو اس کو تثنیہ اور جمع مؤنث سالم بناتے وقت یا سے بدل دیتے ہیں اسی لیے تثنیہ ضُرْبَيَانِ اور جمع مؤنث سالم ضُرْبَيَاتٌ آتا ہے۔

اسم تفضیل برائے مذکر ست اما چوں صیغہ مؤنث بنا کنی بعد حذف علامت مضارع فا را ضمہ دہ و عین را ساکن کن و لبعد لام الف مقصورہ لاحق کن و لام کلمہ را فتحہ دہ تا اسم تفضیل مؤنث گردد۔

بحث اسم تفضیل

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	اَفْعَلُ زیادہ کرنے والا ایک مذکر	اَفْعَلَانِ زیادہ کرنے والے دو مذکر	اَفْعَلُوْنَ (جمع مذکر سالم) زیادہ کرنے والے سب مذکر اَفَاعِلُ (جمع مذکر مکسر)
مؤنث	فُعْلیٰ زیادہ کرنے والی ایک مؤنث	فُعْلَيَانِ زیادہ کرنے والی دو مؤنث	فُعْلَيَاتٌ (جمع مؤنث سالم) زیادہ کرنے والی سب مؤنث فُعَلٌ (جمع مؤنث مکسر) زیادہ کرنے والی سب مؤنث

تمت بالخیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والعاقبۃ للمتقین (انجام بخیر شود برائے پرہیزگاران) والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد والہ واصحابہ اجمعین۔

بدان[1] اسعدک اللہ تعالیٰ فی الدارین (دنیا و آخرت) کہ جملہ افعال متصرفہ[2] واسمای متمکنہ[3] از روی ترکیب حروف اصلی بر دو گونہ (قسم) است ثلاثی و رباعی[4] اما ثلاثی آن باشد کہ در ماضی[5] او سہ حرف اصلی باشد چون نَصَرَ و ضَرَبَ و رباعی آن باشد کہ در ماضی او چہار حرف اصلی باشد چون بَعْثَرَ[عہ] و عَرْقَبَ اما ثلاثی بر دو گونہ است یکی مجرد[6] کہ در ماضی او حرف زائد نباشد و دیگر مزید فیہ کہ در ماضی او حروف زائد نیز باشند اما آنکہ در و حروف زائد نباشد آن نیز بر دو گونہ (قسم) است یکی مطرد[7] کہ وزن او بیشتر آید و دیگر شاذ[8] کہ وزن او کمتر آید۔ اما مطرد را پنج[9] باب است۔

[1] بدان میں با زائد ہے اور دان امر ہے دانستن سے بمعنے جاننا عربی میں اِعْلَمْ اور فارسی میں ایک ہی معنے میں استعمال ہوتے ہیں مخاطب کو متنبہ کرنا مقصود ہو اور اس کی غفلت دور کرنی مقصود ہو تو یہ لفظ ذکر کیا جاتا ہے، اور فارسی لفظ ذکر کرکے اشارہ کیا ہے کہ کتاب کی عبارت فارسی میں ہوگی۔ [2] افعال متصرفہ ان فعلوں کو کہتے ہیں جن کی ماضی، مضارع، امر وغیرہ کی گردانیں ہوتی ہوں [3] اسمائے متمکنہ سے مراد اسماء معرب ہیں یعنے وہ اسم جنکو مبنی اصل سے مشابہت نہ ہو وہ متمکن ہوتا ہے تمکن کا معنے جگہ دینا، قدرت دینا، متمکن بھی اعراب کو جگہ دیتا ہے اور اپنے آپ پر قادر کرتا ہے اس لیے اس کو متمکن کہتے ہیں۔ یہاں تمام اسماء مشتقہ اور مصادر و جامد مراد ہیں۔

[4] ثلاثی و رباعی دونوں لفظوں کے فا کلمہ پر ضمہ ہے منسوب بسوی ثلثہ اور منسوب بسوی اربعۃ معنے ہے یعنی تین حرفوں والا اور چار حرفوں والا۔

[5] ماضی کے واحد مذکر غائب کے صیغہ سے پتہ چلے گا کہ یہ ثلاثی ہے یا رباعی مصدر یا کسی اور فعل سے نہیں کیونکہ ان میں ثلاثی مجرد سے ہونے کے باوجود بھی حروف زائد آتے رہتے ہیں۔

[6] مجرد وہ ہوگا جس کے ماضی کے واحد غائب کے صیغہ میں حروف اصلیہ سے کوئی زائد نہ ہو باقی مصدر اور تمام مشتقات ماضی کے تابع ہوں گے جیسے ان کو بھی مجرد کہیں گے۔

[عہ] بعثر کسی کام پر ابھارنا، ظاہر کرنا، نظر کرنا، تفتیش کرنا، اور پریشان کرنا، بعض چیزوں کو بعض پر پھیرنا، کسی چیز کو باہر لانا، دور کرنا، منتشر کرنا، حوض کو منہدم کرنا، زیریں چیز کو بالا کرنا (

عرقب، حیلہ کرنا، کونچیں کاٹنا، کھڑا کرنے کے لیے کونچیں اٹھانا، تعرقب، حیلہ کرنا، عرقوب کے مانند ہونا، عن الامر، باز رہنا، پہاڑی کے تنگ راہوں میں چلنا، لخصمہ، دشمن کے لیے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔ [7] مطرد کا لغوی معنے ہے کام کا درست طور پر چلنا احکام کا باہم مماثل ہونا، یہاں مراد یہ ہے کہ ثلاثی مجرد کے وہ ابواب جو کثیر الاستعمال ہیں۔

[8] شاذ کی تین قسمیں ہیں۔ مخالف قانون و موافق استعمال، مخالف استعمال و موافق قانون، مخالف قانون و مخالف استعمال، لیکن یہاں مراد یہ ہے جو قلیل الاستعمال ہو۔

[9] ثلاثی مجرد کل چھ باب آتے ہیں پانچ کثرت سے اور ایک قلیل طور پر، عقلی احتمال یہ تھا کہ کل نو باب ہوں ماضی کے عین کلمہ کی تین حرکتیں اور مضارع کے عین کلمہ کی تین حرکتیں لیکن دو باب ماضی کے عین کلمہ پر کسرہ اور مضارع کے عین کلمہ پر ضمہ ہو یا اس کا عکس (الٹ) ہو نہیں آتے کیونکہ کسرہ سے انتقال ضمہ کی طرف اور ضمہ سے کسرہ کی طرف ثقل ہے اسی طرح ماضی مضموم العین اور ماضی مفتوح العین بھی اہل عرب کے نزدیک مستعمل نہیں۔

فائدہ

تین باب جن کی ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکت مختلف ہو وہ اسی اختلاف حرکت کی وجہ دعائم الابواب (تمام بابوں کے ستون اور اصل) کہلاتے ہیں۔

باب اول

بروزن فَعَلَ يَفْعُلُ بفتح العين فی الماضی وضمها فی الغابر[1] چون اَلنَّصْرُ وَالنُّصْرَةُ یاری کردن۔ تصریفہ[2]: نَصَرَ يَنْصُرُ نَصْرًا فهو نَاصِرٌ ونُصِرَ يُنْصَرُ نَصْرًا فهو مَنْصُوْرٌ الامر منه اُنْصُرْ والنهی عنه لَا تَنْصُرْ الظرف منه مَنْصَرٌ والآلة منه مِنْصَرٌ ومِنْصَرَةٌ ومِنْصَارٌ وتثنيتهما[3] مَنْصَرَانِ ومِنْصَرَانِ، والجمع منهما[4] مَنَاصِرُ ومَنَاصِيْرُ افعل التفضيل منه اَنْصَرُ (المذکر) والمؤنث منه نُصْرٰی وتثنيتهما[5] اَنْصَرَانِ ونُصْرَيَانِ، والجمع منهما[6] اَنْصَرُوْنَ واَنَاصِرُ ونُصَرٌ ونُصْرَيَاتٌ۔ اَلطَّلَبُ جستن، اَلدُّخُوْلُ درآمدن، اَلْقَتْلُ کشتن، اَلْقُفُوْلُ تافتن۔ (این ہمہ امثال بروزن نصر ینصر می آیند)

باب دوم: بروزن فَعَلَ يَفْعِلُ بفتح العين فی الماضی وكسرها فی الغابر (مضارع) چون اَلضَّرْبُ وَالضَّرْبَةُ زدن ورفتن بر روی زمین و پدید کردن مَثَل[7] تصریفہ: ضَرَبَ يَضْرِبُ ضَرْبًا فهو ضَارِبٌ وضُرِبَ يُضْرَبُ ضَرْبًا فهو مَضْرُوْبٌ الامر منه اِضْرِبْ والنهی عنه لَا تَضْرِبْ الظرف منه مَضْرِبٌ والآلة منه مِضْرَبٌ ومِضْرَبَةٌ ومِضْرَابٌ وتثنيتهما مَضْرِبَانِ ومِضْرَبَانِ والجمع منهما مَضَارِبُ ومَضَارِيْبُ افعل التفضيل منه اَضْرَبُ (المذکر) والمؤنث منه ضُرْبٰی وتثنيتهما اَضْرَبَانِ وضُرْبَيَانِ والجمع منهما اَضْرَبُوْنَ واَضَارِبُ وضُرَبٌ وضُرْبَيَاتٌ۔ اَلْغَسْلُ شستن، اَلْغَلَبُ غلبہ کردن، اَلظُّلْمُ ستم کردن، اَلْفَصْلُ جدا کردن۔ (این ہمہ امثال بروزن ضرب یضرب می آیند)

[1] غابر مضارع کا دوسرا نام ہے۔ یہ غبور سے بنا ہے جس کا معنے ہے باقی رہنا، چونکہ مضارع میں بھی زمانہ تکلم کے وقت تک باقی رہتا ہے، گذرا ہوا نہیں ہوتا اس لیے اسے غابر کہا جاتا ہے۔

[2] تصریفہ کا معنے ہے پھیرنا یعنے گردان کرنا، ایک کلمہ کو ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھیرنا۔ یہاں جو گردان ذکر کی گئی ہے اسی کو صرف صغیر کہتے ہیں اس میں ہر ایک مشتق کا ایک ایک صیغہ ذکر کر دیا جاتا ہے جیسے نَصَرَ ماضی کا واحد مذکر غائب اور یَنْصُرُ مضارع کا واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے۔

[3] تثنیتہما سے مراد ظرف اور آلہ کا تثنیہ۔ ظرف کا مَنْصَرَانِ اور آلہ کا تثنیہ مِنْصَرَانِ۔

[4] والجمع منہما سے مراد بھی ظرف اور آلہ کی جمع، مَنَاصِرُ ظرف اور آلہ دونوں کی جمع ہے لیکن مَنَاصِیْرُ صرف آلہ کے وزن مِنْصَارٌ کی جمع ہے۔

[5] تثنیتہما سے مراد اسم تفضیل کے مذکر اور مؤنث کا تثنیہ، مذکر کا اَنْصَرَانِ اور مؤنث کا نُصْرَیَانِ۔

[6] والجمع منہما سے مراد اسم تفضیل کے مذکر اور مؤنث کی جمع، اَنْصَرُوْنَ جمع مذکر سالم، اَنَاصِرُ جمع مکسر نُصَرٌ، جمع مؤنث مکسر، نُصْرَیَاتٌ، جمع مؤنث سالم۔

تنبیہ

حاشیہ نمبر ۳ سے لے کر نمبر ۶ تک مجرد کے تمام بابوں کو اسی پر قیاس کیا جائے۔

[7] پدید کردن مَثَل، مثال بیان کرنا المنجد نے یہی بیان کیا ضَرَبَ الْمَثَلَ، مثال بیان کرنا۔
بعض کے نزدیک مثال کی قید کے بغیر بھی "ضرب" مثال بیان کرنے کے معنے میں آتا ہے۔

باب سوم: بروزن فَعِلَ يَفْعَلُ بكسر العين في الماضي وفتحها في الغابر چون اَلسَّمْعُ وَالسَّمَاعُ - شنیدن وگوش فرا داشتن **تصریفہ**: سَمِعَ يَسْمَعُ سَمْعًا فهو سَامِعٌ وسُمِعَ يُسْمَعُ سَمْعًا فهو مَسْمُوعٌ الامر منہ اِسْمَعْ والنهي عنہ لَا تَسْمَعْ والظرف منہ مَسْمَعٌ والآلۃ منہ مِسْمَعٌ ومِسْمَعَۃٌ ومِسْمَاعٌ وتثنيتهما مَسْمَعَانِ ومِسْمَعَانِ والجمع منهما مَسَامِعُ ومَسَامِيعُ وافعل التفضيل منہ اَسْمَعُ والمؤنث منہ سُمْعٰى وتثنيتهما اَسْمَعَانِ وسُمْعَيَانِ والجمع منهما اَسْمَعُوْنَ واَسَامِعُ وسُمَعٌ وسُمْعَيَاتٌ :: اَلْعِلْمُ دانستن، اَلْفَهْمُ دریافتن اَلْحِفْظُ نگاہداشتن، اَلشَّهَادَۃُ گواہی دادن، اَلْحَمْدُ ستودن، اَلْجَهْلُ نادانستن۔

باب چہارم بروزن فَعَلَ يَفْعَلُ بفتح العين فيهما چون اَلْفَتْحُ کشادن **تصریفہ** فَتَحَ يَفْتَحُ فَتْحًا فهو فَاتِحٌ وفُتِحَ يُفْتَحُ فَتْحًا فهو مَفْتُوْحٌ الامر منہ اِفْتَحْ والنهي عنہ لَا تَفْتَحْ الظرف منہ مَفْتَحٌ والآلۃ منہ مِفْتَحٌ ومِفْتَحَۃٌ ومِفْتَاحٌ وتثنيتهما مَفْتَحَانِ ومِفْتَحَانِ والجمع منهما مَفَاتِحُ ومَفَاتِيْحُ وافعل التفضيل منہ اَفْتَحُ والمؤنث منہ فُتْحٰى وتثنيتهما اَفْتَحَانِ وفُتْحَيَانِ والجمع منهما اَفْتَحُوْنَ واَفَاتِحُ وفُتَحٌ وفُتْحَيَاتٌ : اَلْمَنْعُ بازداشتن، اَلصَّبْغُ رنگ کردن، اَلرَّهْنُ گروی داشتن، اَلسَّلْخُ پوست کشیدن۔

بدانکہ ہر فعلے کہ بریں وزن آید بجائے عین فعل یا لام فعل او حرفی باشد از حروف حلق وحروف حلق شش است الحاء والخاء والعين والغين والهاء والهمزة کہ مجموع وے اغ خعه باشد اَمَّا رَكَنَ يَرْكَنُ وَاَبٰى يَاْبٰى فَشَاذٌّ۔

آیا ہوا ہے حالانکہ عین یا لام کلمہ حلقی نہیں، ایک جواب یہ ہے کہ یہ شاذ ہے یعنے خلاف قانون ہے اگرچہ موافق استعمال ہے، دوسرا جواب یہ ہے کہ اس میں تداخل ہے یعنے ماضی ایک باب سے اور مضارع دوسرے باب سے ہے یہ کوئی مستقل باب نہیں۔
رَكَنَ يَرْكُنُ (نصر ینصر) سے ماضی لی اور رَكِنَ يَرْكَنُ سے مضارع لیا اس طرح بظاہر یہ باب فتح سمجھا آتا ہے واقعۃً یہ دو بابوں کا مجموعہ ہے۔
اَبٰى يَاْبٰى فتح کے وزن پر ہے۔ اگرچہ عین یا لام کلمہ حلقی نہیں لیکن یہ بھی شاذ ہے یعنے خلاف قانون ہے، اگرچہ استعمال کے مطابق، یہ شاذ کی تین قسموں سے ایک ہے۔ شاذ کی تین قسمیں بیان کی جا چکی ہیں۔
ملاحظہ ہو صفحہ ۳۲ حاشیہ ۔

السَّمْعُ، فاکلمہ پر فتح اور کسرہ دونوں آتے ہیں جس کا معنے ہے سننا، بعض کے نزدیک بالفتح مصدر ہے اور بالکسر حاصل مصدر ہے اس طرح سَمَاع، سَمَاعَۃ، سَمَاعِيَۃ بالفتح مصدر ہیں
ماضی اور مضارع دونوں کے عین کلمہ پر فتح ہوگا۔
اَلْفَتْحُ، کھولنا، حکم کرنا، فارغ ہونا، کامیاب ہونا۔
فَتَحَ يَفْتَحُ کے باب پر آنے کے لیے یہ قانون ہے کہ جس لفظ کے عین کلمہ یا لام کلمہ میں حرف حلقی ہوگا وہی اس باب پر آئے گا لیکن یہ قانون نہیں کہ جس کلمہ کا عین یا لام حلقی ہو وہ ضرور فتح پر آئے گا اس لیے کہ شَهِدَ يَشْهَدُ کے عین کلمہ میں حرف حلقی ہے اور سَمِعَ يَسْمَعُ کے لام کلمہ میں حلقی ہے لیکن فتح باب پر نہیں۔
رَكَنَ يَرْكَنُ (میلان کرنا، قوی جانب ہونا) فتح باب پر

باب پنجم بروزن فَعُلَ يَفْعُلُ بضم العين فيهما۔ بدانکہ ایں باب لازم ست وبیشتر اسم فاعل ایں بروزن فَعِيْلٌ می آید چون اَلْكَرَمُ وَالْكَرَامَۃُ بزرگ شدن **تصریفہ** كَرُمَ يَكْرُمُ كَرَمًا وكَرَامَۃً فهو كَرِيْمٌ الامر منہ اُكْرُمْ والنهي عنہ لَا تَكْرُمْ الظرف منہ مَكْرَمٌ والآلۃ منہ مِكْرَمٌ ومِكْرَمَۃٌ ومِكْرَامٌ وتثنيتهما مَكْرَمَانِ ومِكْرَمَانِ والجمع منهما مَكَارِمُ ومَكَارِيْمُ افعل التفضيل منہ اَكْرَمُ والمؤنث منہ كُرْمٰى وتثنيتهما اَكْرَمَانِ وكُرْمَيَانِ والجمع منهما اَكْرَمُوْنَ واَكَارِمُ وكُرَمٌ وكُرْمَيَاتٌ ؛ اَللُّطْفُ وَاللَّطَافَۃُ پاکیزہ شدن، اَلْقُرْبُ نزدیک شدن، اَلْبُعْدُ دور شدن، اَلْكَثْرَۃُ بسیار شدن۔

اما شاذ آنکہ وزن او کمتر آید آنرا سہ باب ست۔

باب اوّل بروزن فَعِلَ يَفْعِلُ بكسر العين فيهما چون اَلْحَسْبُ وَالْحِسْبَانُ پنداشتن **تصریفہ** حَسِبَ يَحْسِبُ حَسْبًا وحِسْبَانًا فهو حَاسِبٌ وحُسِبَ يُحْسَبُ حَسْبًا وحِسْبَانًا فهو مَحْسُوْبٌ الامر منہ اِحْسِبْ والنهي عنہ لَا تَحْسِبْ الظرف منہ مَحْسِبٌ والآلۃ منہ مِحْسَبٌ ومِحْسَبَۃٌ ومِحْسَابٌ وتثنيتهما مَحْسِبَانِ ومِحْسَبَانِ والجمع منهما مَحَاسِبُ ومَحَاسِيْبُ وافعل التفضيل منہ اَحْسَبُ والمؤنث منہ حُسْبٰى وتثنيتهما اَحْسَبَانِ وحُسْبَيَانِ والجمع منهما اَحْسَبُوْنَ واَحَاسِبُ وحُسَبٌ وحُسْبَيَاتٌ؛

بدانکہ صحیح ازیں باب جز حَسِبَ يَحْسِبُ ونَعِمَ يَنْعِمُ دیگر نیامدہ است اَلنَّعَمُ وَالنَّعْمَۃُ خوش عیش شدن۔

فعل لازم وہ ہے جو فاعل پر اکتفا کرے مفعول بہ کی اسے ضرورت نہ ہو، فعل متعدی وہ ہے جس کو فاعل کے ساتھ مفعول بہ کی ضرورت بھی ہو جیسے كَرُمَ وہ بزرگ ہوا یہ لازم ہے شَرِبَ مَاءً اسنے پانی پیا یہ متعدی ہے۔ اکثر طور پر متعدی کا اردو ترجمہ کرتے وقت اس میں "نے" آتا ہے خیال رہے باقی چار مفعول یعنے مطلق، لہ، معہ، فیہ، لازم اور متعدی دونوں کے آتے ہیں۔
فائدہ، فعل لازم کا اسم مفعول اور فعل مجہول بغیر واسطہ حرف جار کے نہیں آتا اسی لیے مجہول بناتے وقت كُرِمَ بِہٖ پڑھا جاتا ہے۔
یعنے اس باب کے فاعل کی جگہ صفت مشبہ بروزن فعیل استعمال کرتے ہیں کبھی اسی معنے کے لیے کُرَام بالضم اور مُكَرَّم بفتح العین کلمہ بھی استعمال کرتے ہیں۔ کم استعمال ہونے والے تین باب اگرچہ مصنف نے ذکر کیے ہیں لیکن محققین کے نزدیک ثلاثی مجرد کے فقط چھ باب ہیں پانچ کثیر الاستعمال اور ایک (حسب یحسب) کم استعمال ہوتا ہے لیکن دو اور باب جو مصنف نے ذکر کیے ہیں ان کا ذکر ان کے ساتھ ان شاء اللہ کیا جائے گا کہ وہ اصل میں مستقل باب نہیں
اَلْحَسْبُ صاحب نوادر الاصول نے بیان کیا ہے کہ مصدر حِسْبَان (بالکسر) اور مَحْسِبَۃ بفتح المیم وکسر السین کا معنے ہے گمان اور یہ باب فَعِلَ يَفْعِلُ سے آتا ہے لیکن جب مصدر حَسْب بفتح الحاء اور حُسْبان بضم الحاء ہو تو باب عَلِمَ يَعْلَمُ سے آئے گا اس کا معنے ہوتا، شمار رکھنا، حساب کرنا، سب کا معنے گمان کرنا غلط ہے۔
صحیح میں سے صرف دو باب فَعِلَ يَفْعِلُ کے وزن پر آتے ہیں البتہ معتل میں سے چند باب اس وزن پر آتے ہیں جیسے وَمِقَ، دوست رکھنا، وَبِقَ ہلاک ہونا، وَفِقَ، موافق ہونا، وَثِقَ، مضبوط ہونا، وَرِثَ میراث پانا، وَرِعَ پرہیزگار ہونا، وَرِمَ، سوجنا، وَرِيَ چقماق سے آگ نکالنا، وَلِيَ نزدیک ہونا، وَغِرَ، وَحِرَ کینہ رکھنا، وَلِہَ، غم رکھنا، ڈرنا، ڈر اور حیرت سے عقل کا زائل ہونا، وَهِلَ، غیر مراد کی طرف وہم جانا، وَعِمَ، کسی کے حق میں نعمت کی دعا کرنا، وَطِئَ، پامال کرنا، يَئِسَ، ناامید ہونا، يَبِسَ، خشک ہونا۔

باب دوم: بروزن فَعِلَ یَفْعُلُ[1] بکسر العین فی الماضی وضمها فی الغابر **بدانکہ** صحیح ازیں باب جز فَضِلَ یَفْضُلُ دیگر نیامدہ است وبعضی حَضِرَ یَحْضُرُ ونَعِمَ یَنْعُمُ را نیز ازیں باب گویند چوں اَلْفَضْلُ افزوں شدن وغلبہ کردن **تصریفہ** فَضِلَ یَفْضُلُ فَضْلاً فہو فَاضِلٌ وفُضِلَ یُفْضَلُ فَضْلاً فہو مَفْضُوْلٌ الامر منہ اُفْضُلْ والنہی عنہ لَاتَفْضُلْ الظرف منہ مَفْضَلٌ والآلۃ منہ مِفْضَلٌ ومِفْضَلَۃٌ ومِفْضَالٌ وتثنیتہما مَفْضَلَانِ ومِفْضَلَانِ والجمع منہما مَفَاضِلُ ومَفَاضِیْلُ افعل التفضیل منہ اَفْضَلُ والمؤنث منہ فُضْلٰی وتثنیتہما اَفْضَلَانِ وفُضْلَیَانِ والجمع منہما اَفْضَلُوْنَ واَفَاضِلُ وفُضَلُ وفُضْلَیَاتٌ۔ اَلْحُضُوْرُ حاضر شدن۔

باب سوم: بروزن فَعُلَ یَفْعُلُ بضم العین فی الماضی وفتحہا فی الغابر **بدانکہ** ہر ماضی کہ مضموم العین بود مستقبل او نیز مضموم العین آید مگر در صرف واحد از معتل عین واوی مانند کُدْتَ[2] وتَکَادُ چوں اَلْکَوْدُ وَالْکَیْدُوْدَۃُ خواستن ونزدیک شدن، **تصریفہ**: کَادَ[3] یَکَادُ[4] کَوْدًا وکَیْدُوْدَۃً فہو

---

[1] صحیح یہ ہے کہ فَعِلَ یَفْعُلُ کوئی مستقل باب نہیں بلکہ اس میں تداخل پایا گیا ہے یعنے ماضی اور باب کی اور مضارع اور باب کا ہے کیونکہ فَضِلَ یَفْضَلُ بروزن عَلِمَ یَعْلَمُ ایک باب ہے اور فَضَلَ یَفْضُلُ بروزن نَصَرَ یَنْصُرُ دوسرا باب ہے۔ پہلے سے ماضی لی اور دوسرے سے مضارع۔
[2] کُدْتَ۔ صحیح یہ ہے کہ اصل میں یہ باب سَمِعَ یَسْمَعُ کے وزن پر آتا ہے ورنہ اس کا درست تلفظ کِدْتَ ہے جیسے قرآن پاک میں آتا ہے لَقَدْ کِدْتَ تَرْکَنُ۔ کاف کے ضمہ سے آنے کو علامہ رضی نے مطلقاً رد کیا ہے اور بعض حضرات نے شاذ یعنے قلیل الاستعمال لیا ہے [3] کَادَ اصل میں کَوِدَ یا کَوُدَ ہے واؤ کو الف سے بدلا کَادَ ہوگیا۔ **قاعدہ**۔ واؤ یا یا متحرک ماقبل مفتوح ہو تو اسے الف سے بدل دیتے ہیں بشرطیکہ وہ واؤ یا یا فا کلمہ، ناقص کا عین کلمہ نہ ہو اور اس کے بعد حرف تثنیہ یا مشدد، الف جمع مؤنث سالم اور نون تاکید نہ ہو اور وہ کلمہ بروزن فَعَلَانٌ اور فَعَلٰی نہ ہو اور ملحق کے عین کلمہ میں نہ ہو اور حرف صحیح سے بدل ہو کر عین کلمہ میں واقع نہ ہو اور اس کلمہ کے معنی میں نہ ہو جس میں تعلیل نہ ہو سکتی ہو اور اس کے بعد مدہ زائدہ نہ ہو جس کا تحقق اور سکون لازم ہو لیکن معنے کے لیے مفید نہ ہو اور فعل غیر متصرف کے عین کلمہ میں نہ ہو۔ قَالَ اور بَاعَ اصل میں قَوَلَ اور بَیَعَ تھے ان میں قانون جاری ہوا لیکن قَوْلٌ، بَیْعٌ اور قُوِلَ، بُیِعَ اور قَوَعَدَ، لَیَقُوْلَنَّ اور قَوِیَ، حَیِیَ اور عَصَوَانِ، رَحَیَانِ، عَصَوِیَّۃٌ اور عَصَوَاتٌ، رَحَیَاتٌ اور عَوَرَ، اِخْشَیِیْ اور جَوَلَانٌ، حَیَوَانٌ، صَوَرٰی، حَیَدٰی اور قَوْوَلٌ بَیَعُوْحٌ (ملحق بہ قَرْنَبَسٌ گوشہ زمین) اور تَغَنّٰی، تَفَضّٰی (دراصل تَغَنُّنٌ، تَفَضُّضٌ ہو دنہ) اور عَوِرَ، صَیِدَ اور مَوَاتٌ، بَیَاضٌ میں شروط کے نہ پائے جانے کی وجہ سے قانون جاری نہیں کرتے (مثالیں ترتیب کے مطابق ہیں)۔
[4] یَکَادُ اصل میں یَکْوَدُ تھا واؤ کی حرکت ماقبل کو دی واؤ کو الف کیا یَکَادُ ہوگیا۔

قاعدہ

واؤ اور یا مفتوح وسط میں واقع ہوں ماقبل حرف صحیح ساکن غیر مدغم) قابل حرکت ہو تو واؤ اور یا کا فتحہ نقل کرکے ماقبل کو دیتے ہیں اور واؤ اور یا کو الف سے بدلتے ہیں شرط یہ ہے کہ کلمہ افعل کے وزن پر نہ ہو، فعل غیر متصرف نہ ہو اور ملحق اور رنگ کے معنے میں اور عیب کے معنے میں نہ ہو اور اسم آلہ نہ ہو، یُقَالُ اور یُبَاعُ اصل میں یُقْوَلُ اور یُبْیَعُ تھے ان میں قانون جاری ہوا لیکن اِقْوَعَدَ، اَبْیَنْتُرَ اور اَقْوَلُ، اَبْیَعُ اور مَا اَقْوَلَہٗ، مَا اَبْیَعَہٗ اور تَاقْوَلَ اور تَابْیَعُ اور اِعْوَرَّ، اِسْوَدَّ، اِبْیَضَّ، اِجْوَنْدَرَ (ملحق باحرنجم) میں قانون جاری نہیں کرتے۔

کَائِدٌ[1] وکِیْدَ[2] یُکَادُ کَوْدًا وکَیْدُوْدَۃً فہو مَکُوْدٌ[3] الامر منہ کُدْ والنہی عنہ لَاتَکُدْ الظرف منہ مَکَادٌ والآلۃ منہ مِکْوَدٌ ومِکْوَدَۃٌ ومِکْوَادٌ تثنیتہما مَکَادَانِ ومِکْوَدَانِ والجمع منہما مَکَاوِدُ ومَکَاوِیْدُ افعل التفضیل منہ اَکْوَدُ والمؤنث منہ کُوْدٰی وتثنیتہما اَکْوَدَانِ وکُوْدَیَانِ والجمع منہما اَکْوَدُوْنَ واَکَاوِدُ وکُوَدٌ وکُوْدَیَاتٌ۔ **بدانکہ** کُدْتَ دراصل کَوُدْتَ بود ضمہ بر واؤ دشوار داشتہ نقل کردہ بما قبل دادند بعد از ازالۂ حرکت ماقبل، واؤ از جہت اجتماع ساکنین افتاد وبعدہ دال[4] را بتا بدل کردند وتا را در تا ادغام کردند کُدُّتَ شد و تَکَادُ دراصل تَکْوَدُ بود حرکت واؤ نقل کردہ بما قبل دادند پس از جہت فتحہ ماقبل واؤ الف گشت تَکَادُ شد ایں لغت را[5] بعضی از سَمِعَ یَسْمَعُ نیز گویند۔

اما مشعب[6] ثلاثی کہ در وحرف زائد نیز باشد بر دو گونہ است **یکی** آنکہ ملحق[7] برباعی باشد **دوم** آنکہ ملحق برباعی نباشد، اما آنکہ ملحق برباعی نباشد نیز بر دو گونہ است **یکی** آنکہ در والف وصل در آید و **دیگر** آنکہ در والف

---

[1] کائد اصل میں کَاوِدٌ ہے واؤ کو ہمزہ سے بدلا کائِدٌ ہوگیا۔ **قاعدہ**، ہر واؤ اور یا جو واقع ہو الف فاعل کے بعد اور یا واقع ہو یا تصغیر کے بعد اصل (ماضی) میں سلامت نہ رہی ہو یا اس کا اصل ہو ہی نہیں تو اس واؤ اور یا کو ہمزہ سے بدل دیتے ہیں جیسے کَاوِدٌ، قَاوِلٌ، بَایِعٌ سے کَائِدٌ، قَائِلٌ، بَائِعٌ بناتے ہیں سَائِفٌ اصل میں سَایِفٌ ہے اس کا اصل استعمال نہیں۔ عَاوِرٌ، صَایِدٌ میں قانون جاری نہیں کیونکہ ان کا اصل سلامت رہتا ہے تصغیر کی مثال قُوَیْئِلٌ، بُوَیْئِعٌ ہیں لیکن عُوَیْوِرٌ اور صُوَیْیِدٌ میں قانون جاری نہیں ہوتا [2] کِیْدَ اصل میں کُوِدَ ہے واؤ کو یا کیا۔ **قاعدہ** ہر واؤ اور یا مکسور ماضی مجہول میں ضمہ کے بعد واقع ہوں ان کا کسرہ ماقبل کو دینا بعد از حذف حرکت ماقبل جائز ہے اگر واؤ ہو تو وہ ماقبل مکسور ہونے کی وجہ سے یا ہو جائے گی جیسے کُوِدَ، قُوِلَ، بُیِعَ سے کِیْدَ، قِیْلَ، بِیْعَ بنائے گئے
[3] مَکُوْدٌ اصل میں مَکْوُوْدٌ تھا واؤ پر ضمہ ثقیل تھا نقل کرکے ماقبل کو دیا دو ساکن جمع ہوگئے اس لیے ایک واؤ کو حذف کیا تو مَکُوْدٌ ہوگیا **تنبیہ**: امر کُدْ اور نہی لَاتَکُدْ میں الف التقاء ساکنین کی وجہ سے گر گیا۔ مضارع مجہول یُکَادُ اور ظرف مَکَادٌ میں یَکَادُ (مضارع معلوم) والا قانون جاری ہوا، اسم آلہ مِکْوَدٌ، مِکْوَدَۃٌ، مِکْوَادٌ، مِکْوَدَانِ اور افعل التفضیل اَکْوَدُ، اَکْوَدَانِ، اَکْوَدُوْنَ میں قانون جاری نہیں کیا گیا کیونکہ پہلے بیان کیا گیا ہے کہ اسم آلہ اور افعل التفضیل میں قانون جاری نہیں ہوتا، [4] **قاعدہ**: ہر دال ساکن اس کے بعد تا متحرک ہو سوائے تا افتعال کے اس دال کو تا کرتے ہیں اس کے بعد تا کو تا میں ادغام کرتے ہیں، عکس کی صورت قانون بالعکس جاری ہوگا یعنے ہر تا ساکن اس کے بعد دال متحرک آجائے تو تا کو دال بناتے ہیں اور دال کو دال میں ادغام کرتے ہیں پہلی صورت کی مثال کُدُّتُّ اور وَعَدتُّ دوسری صورت کی مثال فَلَمَّا اَثْقَلَتْ دَعَوَا اللّٰہَ۔ [5] بعض محققین کا یہ قول ہے اور یہی درست ہے جیسے پہلے بیان کیا جا چکا ہے کیونکہ قرآن پاک میں ماضی اور مضارع دونوں استعمال ہیں جو سَمِعَ یَسْمَعُ کے وزن پر آئے ہوئے ہیں ماضی کی مثال لَقَدْ کِدْتَ تَرْکَنُ اور مضارع کی مثال یَکَادُ الْبَرْقُ۔
[6] تین حرف اصلی پر اگر کوئی حرف زائد ہو تو اس کی دو قسمیں ہیں ایک ملحق برباعی دوسری غیر ملحق برباعی، جو ملحق برباعی نہیں اس کی پھر دو قسمیں ہیں ایک یہ کہ اس میں ہمزہ وصلی ہوگا دوسری قسم یہ ہے کہ اس میں ہمزہ وصل نہیں ہوگا۔ جس میں ہمزہ وصل ہوگا اس کے نو باب ہیں۔
[7] ملحق اسے کہتے ہیں کہ کسی کلمہ کے تین حرف اصلیوں سے کوئی زائد ہو اور اس کے مصدر کا وزن رباعی مجرد یا مزید کے وزن کے مشابہ ہو جائے۔ اَخْرَجَ، صَرَّفَ، قَاتَلَ، اگرچہ دَحْرَجَ کے وزن کے مشابہ ہیں لیکن ان کے مصادر اِخْرَاجٌ، تَصْرِیْفٌ، مُقَاتَلَۃٌ رباعی کے مصدر دَحْرَجَۃٌ کے مشابہ نہیں اس لیے یہ ملحق نہیں۔

وصل در نیاید اما آنکه در والف وصل در آید آنرا نہ باب ست۔

باب اوّل: بروزن اِفْتِعَال چوں اَلْاِجْتِنَابُ، پرہیز کردن **تصریفہ** اِجْتَنَبَ یَجْتَنِبُ اِجْتِنَابًا فہو مُجْتَنِبٌ و اُجْتُنِبَ یُجْتَنَبُ اِجْتِنَابًا فہو مُجْتَنَبٌ الامر منہ اِجْتَنِبْ والنہی عنہ لَاتَجْتَنِبْ ۔

اَلْاِقْتِبَاسُ پارۂ نور چیدن، اَلْاِقْتِنَاصُ صید کردن، اَلْاِلْتِمَاسُ جستن، اَلْاِعْتِزَالُ یکسو شدن، اَلْاِحْتِمَالُ برداشتن، اَلْاِخْتِطَافُ ربودن۔

باب دوم اِسْتِفْعَال چوں اَلْاِسْتِنْصَارُ طلب یاری کردن **تصریفہ** اِسْتَنْصَرَ یَسْتَنْصِرُ اِسْتِنْصَارًا فہو مُسْتَنْصِرٌ و اُسْتُنْصِرَ یُسْتَنْصَرُ اِسْتِنْصَارًا فہو مُسْتَنْصَرٌ الامر منہ اِسْتَنْصِرْ والنہی عنہ لَاتَسْتَنْصِرْ ۔

اَلْاِسْتِغْفَارُ آمرزش خواستن (بخشش طلب کرنا) اَلْاِسْتِفْسَارُ پرسیدن اَلْاِسْتِنْفَارُ رمیدن و رمانیدن اَلْاِسْتِخْلَافُ کسے را بجای خویش یا بجای دیگر نشانیدن اَلْاِسْتِمْتَاعُ برخورداری گرفتن بکسی یا بچیزی (کسی انسان یا کسی چیز سے نفع حاصل کرنا) **بدانکہ** ایں ہر دو باب لازم و متعدی آمدہ اند۔

ﷺ۱ افتعال کی علامت یہ ہے کہ اسکی ماضی کے فاکلمہ سے پہلے ہمزہ وصل ہوگا اور فاکلمہ کے بعد تا زائد ہوگی۔

باب افتعال سے متعلق قوانین

قاعدہ: واؤ اور یا جو ہمزہ سے بدل نہ ہوں اگر باب افتعال کے فاکلمہ میں واقع ہوں تو واؤ اور یا کو تا کرکے تا کو تا میں ادغام کرنا واجب ہوتا ہے اِوْتَعَدَ کو اِتَّعَدَ اور اِیْتَسَرَ کو اِتَّسَرَ کرتے ہیں لیکن اِیْتَمَرَ اصل میں اِئْتَمَرَ تھا یہ یا ہمزہ سے بدل ہے لہذا اسے تا سے نہیں بدلا اِتَّخَذَ اصل میں اِئْتَخَذَ تھا پھر اِیْتَخَذَ بنایا پھر اِتَّخَذَ بنایا اگرچہ یا ہمزہ سے بدل ہے لیکن شاذ ہے۔ **قاعدہ** باب افتعال کے فاکلمہ میں سین یا شین واقع ہو تو تا کو فاکلمہ کی جنس بنانا جائز ہے پھر ادغام کرنا واجب ہے اِسْتَمَعَ اور اِشْتَبَهَ کو بھی طرح پڑھیں یا اِسَّمَعَ اور اِشَّبَهَ بنالیں۔ **قاعدہ**: باب افتعال کے فاکلمہ میں طا، ظا، صاد، ضاد میں سے کوئی ایک واقع ہو تو تا کو طا سے بدلنا واجب ہے پھر طا میں صرف ادغام جیسے اِطْتَلَبَ کو اِطَّلَبَ پڑھنا واجب ہے، ظا میں ادغام اظہار دونوں جائز ہیں اظہار طا کو ظا کرکے یا ظا کو طا کر اِظْتَلَمَ کو اِظْطَلَمَ، اِظَّلَمَ اور اِطَّلَمَ، صاد اور ضاد میں ادغام اور اظہار جائز ہیں، اظہار میں صرف ایک صورت طا کو صاد یا ضاد بنائیں اِصْتَبَرَ کو اِصْطَبَرَ یا اِصَّبَرَ اور اِضْتَرَبَ کو اِضْطَرَبَ یا اِضَّرَبَ۔ **قاعدہ**، دال، ذال، زا میں سے کوئی ایک باب افتعال کے فاکلمہ میں واقع ہو تو تا کو دال سے بدلنا واجب ہے پھر دال میں صرف ادغام اِدْتَرَكَ کو اِدَّرَكَ پڑھنا واجب ذال میں ادغام اور اظہار جائز، اظہار میں دال کو ذال یا ذال کو دال کیا جائے۔ اِذْتَكَرَ کو اِذْدَكَرَ یا اِدَّكَرَ یا اِذَّكَرَ زا میں ادغام اور اظہار جائز، اظہار میں ایک صورت دال کو زا کیا جائے۔ اِزْتَهَقَ کو اِزْدَهَقَ یا اِزَّهَقَ پڑھیں۔ **قاعدہ** باب افتعال کے فاکلمہ میں ثا واقع ہو تو تین صورتیں جائز ہیں۔ اِثْتَغَلَ یا اِثَّغَلَ یا اِتَّغَلَ۔ **قاعدہ**، تا، دال، ذال، زا، سین، شین، صاد، ضاد، طا، ظا میں سے کوئی ایک باب افتعال کے عین کلمہ میں واقع ہو جائے تو تا کو عین کلمہ کی جنس بنانا جائز ہے جنس کو جنس میں ادغام کرنا واجب ہے، اِكْتَتَرَ کو اِكَتَّرَ، اِقْتَدَرَ کو اِقَدَّرَ، اِعْتَذَرَ کو اِعَذَّرَ، اِعْتَزَلَ کو اِعَزَّلَ، اِكْتَسَبَ کو اِكَسَّبَ، اِبْتَشَرَ کو اِبَشَّرَ، اِبْتَصَرَ کو اِبَصَّرَ، اِغْتَضَبَ کو اِغَضَّبَ، اِخْتَطَبَ کو اِخَطَّبَ، اِنْتَظَرَ کو اِنَظَّرَ۔

ﷺ۲ استفعال کی علامت یہ ہے کہ فاکلمہ سے پہلے ہمزہ سین اور تا اس کی ماضی میں زائد ہوتے ہیں۔

ﷺ۳ مُسْتَنْصِرٌ یہ اسم فاعل ہے ثلاثی مجرد کے بغیر تمام ابواب کا اسم فاعل مضارع معروف کے وزن پر ہوتا ہے علامت مضارع کی جگہ میم مضموم ہوگی، آخر میں تنوین علامت اسم ہوگی، اور اسم مفعول اسی قاعدہ کے مطابق مضارع مجہول سے بنے گا۔

باب سوم بروزن اِنْفِعَال چوں اَلْاِنْفِطَارُ شگافتہ شدن **بدانکہ** ہر فعلیکہ بریں وزن آید لازم باشد **تصریفہ** اِنْفَطَرَ یَنْفَطِرُ اِنْفِطَارًا فہو مُنْفَطِرٌ الامر منہ اِنْفَطِرْ والنہی عنہ لَاتَنْفَطِرْ۔ اَلْاِنْصِرَافُ باز گشتن اَلْاِنْقِلَابُ برگشتہ شدن اَلْاِنْخِفَافُ سبک شدن اَلْاِنْشِعَابُ شاخ در شاخ شدن۔

باب چہارم بروزن اِفْعِلَال **بدانکہ** ایں باب نیز لازم ست چوں اَلْاِحْمِرَارُ سرخ شدن۔ **تصریفہ** اِحْمَرَّ یَحْمَرُّ اِحْمِرَارًا فہو مُحْمَرٌّ الامر منہ اِحْمَرَّ اِحْمَرِّ اِحْمَرِرْ والنہی عنہ لَاتَحْمَرَّ لَاتَحْمَرِّ لَاتَحْمَرِرْ۔ اَلْاِخْضِرَارُ سبز شدن اَلْاِصْفِرَارُ زرد شدن اَلْاِغْبِرَارُ گرد آلود شدن اَلْاِبْلِقَاقُ ابلق شدن

باب پنجم بروزن اِفْعِيلَال چوں اَلْاِدْهِيمَامُ سخت سیاہ شدن **تصریفہ** اِدْهَامَّ یَدْهَامُّ اِدْهِيمَامًا فہو مُدْهَامٌّ الامر منہ اِدْهَامَّ اِدْهَامِّ اِدْهَامِمْ والنہی عنہ لَاتَدْهَامَّ لَاتَدْهَامِّ لَاتَدْهَامِمْ۔ اَلْاِسْمِيرَارُ گندم گوں شدن۔ اَلْاِكْمِيتَاتُ کمیت شدن اسپ اَلْاِشْهِيبَابُ سفید شدن اسپ، اَلْاِصْفِيرَارُ خشک شدن نبات، اَلْاِشْعِيرَارُ (تھوڑے کا سرخ و سفید ہونا) اشہر از شدن **بدانکہ** ایں باب لازم است۔

ﷺ۱ انفعال کی ماضی میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ اور نون زائد ہوتے ہیں یہ لازم ہوتا ہے اسی وجہ سے اس کا فعل مجہول اور اسم مفعول نہیں ہوتا

ﷺ۲ افعلال کی علامت یہ ہے کہ اسکی ماضی کے واحد غائب کے صیغہ میں فاکلمہ سے پہلے ہمزہ اور لام کلمہ کے بعد اسی کا ہم جنس لفظ زائد ہوگا۔

ﷺ۳ اِحْمَرَّ اصل میں اِحْمَرَرَ تھا یَحْمَرُّ اصل میں یَحْمَرِرُ تھا مُحْمَرٌّ اصل میں مُحْمَرِرٌ تھا پہلے حرف کی حرکت کو گرایا اور ادغام کیا۔

قاعدہ، دو حرف ایک جنس کے ایک جگہ جمع ہو جائیں اور دونوں متحرک ہوں پہلے کی حرکت کو گرا کر پہلے کو دوسرے میں ادغام کرتے ہیں جیسے ان دونوں مثالوں میں کیا اسی طرح مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا پہلے دال کی حرکت کو گرا کر ادغام کیا مَدَّ ہوگیا۔

قاعدہ۔ اگر دو حرف ایک جنس کے ایک جگہ جمع ہوں پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک تو ادغام کرنا واجب ہے جیسے مَدٌّ اصل میں مَدْدٌ تھا پہلا ساکن دوسرا متحرک ادغام کیا مَدٌّ ہوگیا۔

قاعدہ۔ اگر پہلا حرف متحرک ہو اور دوسرا ساکن اور اس کا سکون لازمی ہو تو ادغام منع ہے جیسے مَدَدْنَ یہاں ادغام نہیں ہوسکے گا، اگر پہلا متحرک دوسرا ساکن لیکن اس کا سکون عارضی ہو تو ادغام کرنا یا نہ کرنا دونوں طرح جائز جیسے امر کا صیغہ اِحْمَرِرْ ہے یہ مضارع سے بنا ہے مضارع میں سکون نہیں تھا امر کی وجہ سے عارضی سکون آگیا اب اختیار ہے چاہے تو ادغام نہ کیا جائے اپنی اصل حالت پر رکھتے ہوئے اِحْمَرِرْ پڑھا جائے یا پہلے حرف کی حرکت گرا کر ادغام کیا جائے دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے دوسرے حرف کو حرکت کسرہ کی دی جائے اَلسَّاكِنُ اِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بِالْكَسْرِ کے مطابق یا فتحہ خفیف حرکت سمجھتے دی جائے اس طرح اِحْمَرِّ اور اِحْمَرَّ پڑھا جائے گا۔ جحد اور نہی میں بھی یہی قانون جاری ہوگا۔ **تنبیہ**۔ اگر عین کلمہ پر ضمہ ہو تو دوسرے حرف کو اسی کی مناسبت سے ضمہ دینا بھی جائز ہے اسی وجہ سے مُدَّ مُدِّ مُدَّ اُمْدُدْ میں چار صورتیں ہیں۔

ﷺ۴ افعیلال کی علامت یہ ہے کہ اس کی ماضی کے واحد غائب کے صیغہ میں ہمزہ وصل اور عین کلمہ کے بعد الف اور لام کلمہ کا ہم جنس زائد ہوتے ہیں **فائدہ** اس باب میں تمام قوانین وہی جاری ہوں گے جو اِفْعِلَالٌ (احمرار) میں بیان کئے جاچکے ہیں۔ اِدْهَامَّ اصل میں اِدْهَامَمَ، اور یَدْهَامُّ اصل میں یَدْهَامِمُ اور مُدْهَامٌّ اصل میں مُدْهَامِمٌ تھا اسی طرح امر، نہی، جحد میں تین تین صورتیں آئیں گی۔

تنبیہ۔ اس باب اور افعلال کا اسم مفعول بواسطہ حرف جار آئے تو اسم فاعل اور اسم مفعول بعد از ادغام ایک طرح ہی ہوں گے اصل کے لحاظ سے فرق ہوگا، جیسے مُحْمَرٌّ اسم فاعل بھی ہے اور اسم مفعول بھی اسم فاعل اصل میں مُحْمَرِرٌ اور اسم مفعول مُحْمَرَرٌ تھا، اسی طرح مُدْهَامٌّ اسم فاعل اور اسم مفعول ہے اصل میں اسم فاعل مُدْهَامِمٌ اور اسم مفعول مُدْهَامَمٌ تھا۔

باب ششم بروزن اِفْعِيعَالٌ[1] چوں اَلْاِخْشِيشَانُ سخت درشت شدن **تصریفه** اِخْشَوْشَنَ يَخْشَوْشِنُ اِخْشِيشَانًا فهو مُخْشَوْشِنٌ الامر منه اِخْشَوْشِنْ والنهی عنه لَاتَخْشَوْشِنْ ؛ اَلْاِخْرِيرَاقُ دریده شدن جامه (کپڑا پھٹا ہونا) اَلْاِخْلِيلَاقُ کهنه شدن جامه (کپڑے کا پرانا ہونا) اَلْاِمْلِيلَاحُ شور شدن آب، اَلْاِحْدِيدَابُ کوژپشت شدن (کبڑا ہونا)؛ **بدانکه** این باب هم لازم ست و در قرآن[2] شریف نیامده است۔

باب هفتم بروزن اِفْعِوَّالٌ[3] چوں اَلْاِجْلِوَّاذُ شتافتن شتر **تصریفه** اِجْلَوَّذَ يَجْلَوِّذُ اِجْلِوَّاذًا فهو مُجْلَوِّذٌ الامر منه اِجْلَوِّذْ والنهی عنه لَاتَجْلَوِّذْ ؛ اَلْاِخْرِوَّاطُ چوب تراشیدن، اَلْاِعْلِوَّاطُ قلاده در گردن شتر بستن، يُقَالُ[4] اِعْلَوَّطَ الْبَعِيرُ اِذَا تَعَلَّقَ بِعُنُقِهٖ قِلَادَةً **بدانکه** این باب هم لازم است و در قرآن شریف نیامده۔

باب هشتم بروزن اِفَّاعُلٌ چوں اَلْاِثَّاقُلُ گران بار شدن (بھاری ہونا) و خود را گران بار ساختن (اپنے آپ کو بھاری بنانا) **تصریفه** اِثَّاقَلَ يَثَّاقَلُ اِثَّاقُلًا فهو مُثَّاقِلٌ الامر منه اِثَّاقَلْ والنهی عنه لَاتَثَّاقَلْ ؛ اَلْاِدَّارُكُ دررسیدن (پہنچنا) و دررسانیدن (پہنچانا)، اَلْاِسَّاقُطُ میوه از درخت افگندن (پھل کا درخت سے گرنا)، اَلْاِشَّابُهُ هم‌شکل شدن، اَلْاِصَّالُحُ بایکدیگر آشتی کردن۔

باب نهم بروزن اِفَّعُّلٌ چوں اَلْاِطَّهُّرُ پاک شدن **تصریفه** اِطَّهَّرَ يَطَّهَّرُ اِطَّهُّرًا فهو مُطَّهِّرٌ الامر منه اِطَّهَّرْ والنهی عنه لَاتَطَّهَّرْ ؛ اَلْاِزَّمُّلُ جامه برسر کشیدن (کپڑا اوڑھنا)، اَلْاِضَّرُّعُ زاری کردن (عاجزی کردن)، اَلْاِجَّنُّبُ دور شدن، اَلْاِذَّكُّرُ پند پذیرفتن و یاد کردن (نصیحت قبول کرنا اور یاد کرنا)۔

---

[1] اِفْعِيعَالٌ باب کی علامت یہ ہے کہ اس کی ماضی کے واحد غائب کے صیغہ میں ہمزہ وصل اور عین کلمہ کے بعد واؤ اور اس واؤ کے بعد عین کلمہ کا ہم جنس لفظ زائد ہوگا

[2] اس باب کے وزن پر کوئی مثال قرآن شریف میں نہیں پائی گئی

[3] اِفْعِوَّالٌ کی علامت یہ ہے کہ اسکی ماضی کے واحد غائب کے صیغہ میں ہمزہ وصل اور عین کلمہ کے بعد دو واؤ زائد ہوں گی جیسے کہ واضح ہے کہ واؤ مشدد حقیقت میں دو واؤ ہی ہیں۔

انتباہ

فعل لازم کے افعال سے مجہول اور اسم مفعول کی گردانیں بغیر واسطہ حرف جار کے نہیں آتیں ان کے ساتھ بِہٖ وغیرہ کو ملایا جاتا ہے لیکن اکثر طور پر باب انفعال، افعلال، افیعلال، افعوال، افیعال کے لازم ہونے کے باوجود ان کی مجہول اور اسم مفعول کی گردانیں کرائی جاتی ہیں تاکہ طلبا کو مجہول کی گردانوں کی سمجھ بھی آجائے۔

[4] اونٹ کی گردن میں جب قِلادہ (گانی) ڈالا جائے تو کہا جاتا ہے اِعْلَوَّطَ الْبَعِيرُ اس نے اونٹ کے گلے میں قلادہ ڈالا۔

بدانکه اصل باب[1] اِفَّاعُلٌ و اِفَّعُّلٌ تَفَاعُلٌ و تَفَعُّلٌ بوده تا[2] را ساکن کرده بفا بدل کردند و فا را در فا ادغام نمودند از جهت مجانست در مخرج پس همزه وصل مکسور در اول او در آوردند تا ابتدا بالسکون لازم نیاید اِفَّاعُلٌ و اِفَّعُّلٌ شد امّا آنکه[3] در والف وصل در نیاید آن پنج باب ست۔

باب اول بروزن اِفْعَالٌ چوں اَلْاِكْرَامُ گرامی کردن **تصریفه** اَكْرَمَ يُكْرِمُ اِكْرَامًا فهو مُكْرِمٌ و اُكْرِمَ يُكْرَمُ اِكْرَامًا فهو مُكْرَمٌ الامر منه اَكْرِمْ والنهی عنه لَاتُكْرِمْ ؛ اَلْاِسْلَامُ مسلمان شدن و گردن نهادن بطاعت، اَلْاِذْهَابُ بردن (لے جانا)، اَلْاِعْلَانُ آشکارا کردن (ظاہر کرنا، اعلان کرنا)، اَلْاِكْمَالُ تمام کردن، **بدانکه** همزه[4] امر حاضر این باب

---

[1] جیسا کہ مصنف نے بیان کیا ہے کہ اِفَّاعُلٌ اصل میں تَفَاعُلٌ اور اِفَّعُّلٌ اصل میں تَفَعُّلٌ ہے، اس سے خود واضح ہو رہا ہے کہ درحقیقت یہ باب تفاعل اور تفعل ہیں ان کو مستقل افاعل اور افعل نام دینا ہی غیر مناسب ورنہ ابواب کی تعداد کثیر ہو جائے گی جیسے باب افتعال اِكْتِنَاد کو اِكِّتَاد پڑھنا جائز ہے اس طرح باب کا نام اِفِّتَالٌ ہوگا، اسی طرح اِذْلَوْلٰی دراصل باب افیعال سے تبدیلی کے بعد اِفْعِيعَالٌ ہو جائے گا اس طرح اور بابوں میں بھی تبدیلیاں واقع ہوتی رہتی ہیں اس لیے ان کو اصلی نام باب تفعل یا تفاعل ہی دیا جائے

[2] تا کو ساکن کیا فاکلمہ یعنے ثا سے تبدیل کیا کیونکہ تا اور ثا دونوں قریب المخرج ہیں یعنے جس طرح متجانسین میں ادغام ہوتا ہے اسی طرح متقاربین میں بھی ادغام ہوتا ہے جب تا کو ثا کرکے ادغام کیا تو ابتدا بالساکن لازم آئی اس لیے ہمزہ وصل مکسور کو اول میں لایا تو اِثَّاقَلَ ہو گیا

فائدہ

ثا، دال، ذال، زا، سین، شین، صاد، ضاد، طا، ظا میں سے کوئی ایک باب تَفَعُّلٌ یا تَفَاعُلٌ کے فاکلمہ میں واقع ہو تو تَفَعُّلٌ کی تا کو فاکلمہ کی جنس کرنا جائز ہے بعد میں جنس کو جنس سے ادغام کرنا واجب ہے۔

اگر تا واقع ہو باب تفعل یا تفاعل کے فاکلمہ میں تو ادغام کرنا واجب ہے کیونکہ دو حرف ایک جنس کے جمع ہو گئے۔ جیسے تَتَرَّكَ کو اِتَّرَّكَ پڑھنا واجب ہے البتہ باقی مندرجہ بالا الفاظ میں دو صورتیں جائز ہیں۔

